57th Year
بانی صوفی غلام محمد
# سرینگر ٹائمز
www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 257 | صفحات: 08 | ۱۹ ستمبر ۲۰۲۵ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۲۵ ربیع الاول ۱۴۴۷ | Friday 19th September 2025 | جلد نمبر 57



## بمراہ کو آرام دے سکتے ہیں

آخری لیگ میچ میں جمعہ کو عمان کا مقابلہ کرے گی۔ عمان نے اس ٹورنامنٹ میں اب تک اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا ہے ہندوستان نے اپنے دونوں میچوں میں بڑی جیت درج کی ہے۔ پہلے دو میچوں میں شاندار فتوحات کی وجہ سے ہندوستانی ٹیم اپنی پلیئنگ الیون میں زیادہ تبدیلیاں نہیں کرنا چاہے گی۔ جسپریت بمراہ کو اس میچ میں آرام دیا جا سکتا ہے۔ (تفصیلات اندر)



## اکیل حسین کپتان مقرر

ویسٹ انڈیز نے رواں ماہ شارجہ میں نیپال کے خلاف تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے لیے ۱۵ رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ کیریبیئن ٹیم نے سیریز کے لیے کئی اہم کھلاڑیوں کو آرام دینے کا فیصلہ کیا ہے جن میں کپتان شائی ہوپ، فاسٹ بولر الزاری جوزف اور بلے باز جانسن چارلس شامل ہیں۔ (تفصیلات اندر)

## کاغذ کے بجائے اب ڈیجیٹل راشن کارڈ فراہم ہونگے/منسٹر

### سال رواں یکم اکتوبر سے ''پیپرلیس'' کارڈ کی فراہمی کے انتظامات

سرینگر/ اے پی آئی/ جموں وکشمیر کے صارفین کو اب پیپرلیس راشن کارڈ اجراء کئے جائیں گے اور یکم اکتوبر سے صارفین کو پیپرلیس راشن کارڈ فراہم کئے جائیں گے تاکہ راشن کی تقسیم کاری میں شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جاسکیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر میں غذائی اجناس کی تقسیم کاری کو یقینی بنانے، شفافیت کو قائم کرنے، ریکارڈ کو محفوظ رکھنے کیلئے امور صارفین وعوامی تقسیم کاری کا محکمہ ڈیجیٹل راشن کارڈ اجراء کرنے جارہا ہے۔ امور صارفین وعوامی تقسیم کاری محکمہ کے وزیر ستیش شرما نے اس بات کی تصدیق کی کہ نئے نظام کو عملانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکارڈ کو محفوظ رکھنے کیلئے ڈیجیٹل راشن کارڈ اجراء کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ بدعنوانیوں، بے ضابطگیوں کا قلع قما کیا جائے اور ادارے میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر کے/1




## اولڈ ٹاون بارہمولہ میں شعلے بھڑک اُٹھنے سے دُور تک سنسنی

### درمیانی شب قریب پونے ایک بجے دو رہائشی وکمرشل عمارتیں خاکستر ہوگئیں

سرینگر/ یواین آئی/ شمالی کشمیر کے اولڈ ٹاؤن بارہمولہ میں آتشزدگی کے ایک بھیانک واقعے میں دو رہائشی و کمرشل عمارتیں خاکستر ہوگئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اولڈ ٹاؤن بارہمولہ میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب ایک ا رہائشی و کمرشل عمارت سے آگ نمودار ہوئی جس کے شعلوں نے متصل واقع ایک اور عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ انہوں نے کہا کہ آگ کے شعلے اس قدر بلند تھے کہ ان کو دور دور سے دیکھا جاسکتا تھا اور آگ لگنے کے ساتھ ہی مقامی لوگ جمع ہوئے۔ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی کے ایک عہدیدار نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اولڈ ٹاؤن بارہمولہ میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب قریب پونے ایک بجے دو رہائشی و کمرشل عمارتیں آگ لگنے سے خاکستر ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع ملتے ہی قریب نصف درجن فائر ٹنڈرس کو جائے موقع پر بھیج دیا گیا جنہوں نے مقامی رضا کاروں کی مدد سے آگ کو/3

## اہم سیر گاہوں کی بندش سے ٹورازم کو دھچکا/ وزیر اعلیٰ

### سیاحوں سے کیا کہیں کہ آپ پہلگام جاسکتے ہیں بے تاب وادی کا رُخ نہیں کر سکتے

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ وادی کے کئی اہم سیاحتی مقامات کی بندش سے سیاحت کو فروغ دینے کی کوششیں متاثر ہورہی ہیں اور اس معاملے کو وہ جلد ہی مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے ساتھ اٹھائیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو گلمرگ کنونشن سینٹر میں ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن آف کشمیر کی 17ویں سالانہ جنرل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا، 'جب وادی کے اکثر سیاحتی مقامات سیاحوں کے لیے بند ہوتو تشہیر بے معنی ہوجاتی ہے۔ ہم سیاحوں سے کیا کہیں؟ آپ ٹنگمرگ آسکتے ہیں لیکن درونگ نہیں جاسکتے، پہلگام آسکتے ہیں لیکن آرو اور بیتاب ویلی نہیں جا سکتے؟ یہ صورتحال سیاحت کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔' عمر عبداللہ نے کہا کہ ایسے اقدامات سے سیاحوں کے ذہنوں میں وادی کی منفی تصویر ابھرتی ہے۔ ہمیں مرکز کے ساتھ ایک پیج پر آنا ہوگا، بصورت دیگر ہماری تشہیری کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پہلگام میں پیش آئے افسوسناک واقعے کے بعد اگرچہ حفاظتی اقدامات اٹھائے گئے، لیکن متعلقہ مقامات کو فوری طور پر دوبارہ کھول دینا چاہیے تھا تاکہ سیاحت متاثر نہ ہوتی۔ وزیر اعلیٰ نے توقع ظاہر کی کہ موسم خزاں اور سرما کے ساتھ ساتھ وادی کی سیاحت میں نئی جان پیدا ہوگی اور اب سے ہی



موسم بہار کے لیے تیاریوں کا آغاز کرنا ہوگا۔ اس موقع پر عمر عبداللہ نے ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن آف کشمیر کے نومنتخب صدر فاروق اے کتھو کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت ایسوسی ایشن کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں سیاحت کو فروغ دینا آسان نہیں، لیکن جس طرح ہم نے سابق صدر رؤف ترمبو کے ساتھ مل کر کام کیا، اسی طرح آپ کی قیادت میں بھی ٹاک کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں گے۔

## ویشنو دیوی یاترا مختصر وقفے کے بعد دوبارہ شروع

جموں/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع ریاسی کے قصبہ کٹڑہ کے ترکوٹہ پہاڑیوں میں واقع شری ماتا ویشنو دیوی مندر کی یاترا کی یاترا خراب موسمی صورتحال کے پیش نظرات کو معطل رہنے کے بعد جمعرات کی صبح بحال ہوئی۔ یہ مقدس یاترا لینڈ سلائیڈنگ اور شدید بارش کی وجہ سے 22 دن کی معطلی کے بعد بدھ کو دوبارہ شروع ہوئی تھی۔ حکام نے بتایا کہ خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر یاترا کو بدھ کی شام عارضی بنیادوں پر روک دیا گیا تھا۔

## پروفیسر عبدالغنی بٹ کے انتقال پر

### ڈاکٹر فاروق عبداللہ رنجیدہ

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے معروف ماہر تعلیم، سیاسی اور سماجی شخصیت الحاج پروفیسر عبدالغنی بٹ کے انتقال پر ملال پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے اور اس سانحہ ارتحال پر مرحوم کے جملہ سوگواران خصوصاً اہل خانہ کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کی جنت نشینی اور بلند درجات کے لئے دعا کی۔/2

## سڑک پار کرتے ہوئے گاڑی کی ٹکر سے عورت جان بحق، شوہر زخمی

### HMT علاقہ میں مقامی ہسپتال کے نزدیک المناک ایکسیڈنٹ

سرینگر/ یواین آئی/ سرینگر کے ایچ ایم ٹی عمر آباد علاقے میں جمعرات کی شام ٹریفک کے ایک المناک حادثے میں ایک خاتون جان سے ہاتھ دھو بیٹھی جبکہ اس کا شوہر شدید زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق نورا ہسپتال کے نزدیک جمعرات کی شام میاں بیوی سڑک پار کررہے تھے کہ ایک تیز رفتار گاڑی نے انہیں ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں دونوں شدید طور پر زخمی ہوئے۔ معلوم ہوا ہے کہ آس پاس موجود لوگوں نے زخمیوں کو فوری طور پر علاج ومعالجہ کی خاطر نزدیکی ہسپتال منتقل کیا تاہم ڈاکٹروں نے خاتون کو مردہ قرار دیا۔ متوفی خاتون کی شناخت پچاس سالہ فہمیدہ زوجہ بشیر احمد کے طور پر کی گئی ہے جبکہ ان کے شوہر ہسپتال میں زیر علاج ہیں اوران کی حالت بھی نازک بنی ہوئی ہے۔

## بمنہ میں ماں پر قاتلانہ حملہ کرنے کے الزام میں بیٹا گرفتار

### خاتون نے تحریری شکایت کے ساتھ پولیس اسٹیشن بٹہ مالو سے رجوع کیا

رینگر/ سی این آئی/ سرینگر کے بمنہ علاقے میں پولیس نے ایک نوجوان کو ماں پر حملہ کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا اور اس کے خلاف قتل کی کوشش کا مقدمہ درج کیا گیا۔ سی این آئی کے مطابق بمنہ سرینگر میں 22 سالہ نوجوان کیخلاف مبینہ طور پر اپنی ماں پر منشیات کے ذریعے حملہ کرنے کے بعد قتل کی کوشش کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ 52 سالہ متاثرہ خاتون جس کی شناخت عرفانہ کے نام سے ہوئی ہے، نے ایک تحریری شکایت کے ساتھ پولیس اسٹیشن بٹہ مالو سے رجوع کیا جس میں کہا گیا کہ اس کے بیٹے عدنان ولد ارشاد احمد بٹ ساکنہ نیو کالونی بمنہ نے اس پر تشدد کیا۔ شکایت کے بعد پولیس نے ایف آئی آر نمبر 72/2025 بھارتیہ نیا سنہتا (بی این ایس) کی دفعہ 109 کے تحت درج کیا۔ انہوں نے کہا کہ زخمی خاتون کو جے وی سی اسپتال بمنہ میں داخل کرایا گیا ہے، جہاں ڈاکٹر اس کی حالت پر نظر رکھے ہوئے/7

## میں ہندوستان اور وزیر اعظم مودی کے بہت قریب ہوں/ ٹرمپ

### اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ، ٹروتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں پیغام



نئی دہلی/ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جمعرات کو ہندوستان اور وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ اپنے قریبی تعلقات پر روشنی ڈالی، اپنے ملک کے دورے کے دوران برطانیہ کے وزیر اعظم کیر اسٹارمر کے ساتھ ایک پریس کانفرنس کے دوران ان کے ذاتی تعلق اور سالگرہ کی حالیہ خواہشات کو اجاگر کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح انہوں نے پی ایم مودی کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دی اور نئی دہلی اور واشنگٹن کے درمیان اچھے تعلقات کو اجاگر کیا۔ ٹرمپ نے کہا، "میں ہندوستان کے بہت قریب ہوں، میں ہندوستان کے وزیر اعظم کے بہت قریب ہوں، دوسرے دن ان سے بات کی، انہیں سالگرہ کی مبارکباد دی، ہمارے بہت اچھے تعلقات ہیں، انہوں نے ایک خوبصورت بیان/5

## جموں میں مختلف جرائم میں ملوث تین ''خطرناک'' مجرم پکڑے گئے/ پولیس

### پولیس نے واردات میں استعمال ہونے والے ہتھیار بھی برآمد کئے

جموں/ یواین آئی/ پولیس کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے پولیس پوسٹ بٹھنڈی (جو پولیس اسٹیشن باہو فورٹ کے دائرہ اختیار میں آتی ہے) نے مختلف جرائم میں ملوث تین خطرناک مجرموں کو گرفتار کیا گیا۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں بتایا کہ پولیس پوسٹ بٹھنڈی کی ایک ٹیم نے تین خطرناک مجرموں کو گرفتار کیا ہے جو مختلف جرائم میں ملوث تھے۔ انہوں نے گرفتار شدگان کی شناخت محمد مجید عرف بہول ولد محمد حنیف، محمد سمیر ولد عبدالغنی اور مراد علی عرف فاجی ولد عبدالغنی ساکنان ڈاک بنگلہ موالیان، میراں صاحب جموں کے طور پر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ/9

## کسی بھی ووٹ کو کسی بھی فرد کے ذریعے آن لائن نہیں ہٹایا جاسکتا/ الیکشن کمیشن

### راہول گاندھی کی طرف سے لگائے گئے الزامات بے بنیاد

نئی دہلی/ یواین آئی/ الیکشن کمیشن نے کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے ان الزامات کو مسترد کردیا ہے جن میں یہ کہا گیا تھا کہ ووٹروں کی رضامندی کے بغیر ان کے نام ووٹر لسٹ سے ہٹا دیے گئے۔ الیکشن کمیشن نے جمعرات کے روز مسٹر گاندھی کے الزامات کے خلاف جاری ایک بیان میں کہا، 'راہل گاندھی کے الزامات غلط اور بے بنیاد ہیں۔' بیان میں کہا گیا ہے کہ و+۔ ووٹر کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا موقع دیے بغیر اس کا نام ووٹر لسٹ سے نہیں ہٹایا جا سکتا۔ کمیشن نے کہا، 'النداسمبلی حلقے میں 2023 میں کچھ ووٹروں کے نام ہٹانے کی ناکام کوشش کی گئی تھی اور اس معاملے میں کمیشن کے افسران نے تحقیقات کے لیے ایف آئی آر درج کرائی تھی۔ النداسمبلی حلقے سے 2018 میں بی جے پی کے سُبھاش گٹّے دار اور 2023 میں کانگریس کے بی آر پاٹل نے الیکشن جیتا تھا۔' قابلِ ذکر ہے کہ مسٹر گاندھی نے جمعرات کے روز ایک پریس کانفرنس میں الیکشن کمیشن پر ووٹروں کے نام فہرست سے ہٹائے جانے سمیت کئی الزامات عائد کیے ہیں۔

## بھارت اورافغانستان کے درمیان تہذیبی تعلقات ہیں

### اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں موجود بھارتی سفیر ہریش کا خطاب



سرینگر/ سی این آئی کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں موجود بھارتی سفیر ہریش نے کہا کہ ہندوستان اورافغانستان کے درمیان تہذیبی تعلقات ہیں اور دہلی کا جنگ زدہ ملک میں امن اور استحکام کو یقینی بنانے میں ''اہم مفاد'' ہے۔ انہوں نے کہا ''عالمی برادری کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کوششوں کو مربوط کرنا چاہیے کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل، آئی ایس آئی ایل اور القاعدہ کی طرف سے نامزد کردہ اداروں اور افراد اور لشکر طیبہ اور جیش محمد سمیت ان سے وابستہ تنظیموں کے ساتھ ساتھ ان کی کارروائیوں میں سہولت کاری کرنے والے دہشت گردی کی سرگرمیوں کیلئے افغان سرزمین کا مزید استحصال نہ کریں''۔ انہوں نے کہا ''ہم افغانستان سے متعلق اہم مسائل پر بین الاقوامی اور علاقائی اتفاق رائے اور تعاون کی انتہائی اہمیت پر یقین رکھتے ہیں اور ملک میں امن، استحکام اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ/4

## ممبر پارلیمنٹ آغا روح اللہ کو وزیر صحت وتعلیم سکینہ کا مشورہ

### اپنی توانائی اور ساری صلاحیتیں نئی دہلی میں استعمال کریں

سرینگر/ یواین آئی/ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے نیشنل کانفرنس کے رکن پارلیمان آغا روح اللہ مہدی کے حالیہ بیانات پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اُنہیں اپنی ذمہ داری پارلیمنٹ میں نبھانی چاہئے۔ میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا کہ آغا روح اللہ کو عوام نے دہلی بھیجنے کے لیے منتخب کیا ہے تاکہ وہ پارلیمان میں جموں و کشمیر کے اصل مسائل اُجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی اصل ذمہ داری یہ ہے کہ وہ ایوان میں اپنی آواز بلند کریں، یہاں تنقید کر کے نہ طلبہ کو کوئی فائدہ ہوگا اور نہ ہی تعلیمی نظام کو۔ وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت ریاست میں تعلیم سمیت تمام شعبوں کو بہتر بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہے اور ایسے وقت میں بلاوجہ کی تنقید سے





عوامی مفادات متاثر نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ سکینہ ایتو نے زور دے کر کہا کہ پارلیمانی نمائندوں کو چاہیے کہ وہ اپنی توانائی اور صلاحیتیں دہلی میں استعمال کریں جہاں ان کے الفاظ واقعی اثر ڈال سکتے ہیں۔

## کاشتکاروں کے نقصانات کے ذمہ دار عمر عبداللہ ہیں/ سنیل شرما

### جموں وکشمیر لنک روڈ ٹھیک نہیں کرسکتی نیشنل ہائی وے کا انتظام کیا سنبھالے گی۔



سرینگر/ کے این ایس/ جموں وکشمیر اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور سینئر بی جے پی لیڈر سنیل شرما نے جمعرات کو مرکز کے زیر انتظام حکومت کو سری نگر جموں قومی شاہراہ کے بار بار بند ہونے کے بعد پھلوں کے کاشتکاروں کو درپیش مشکلات کے لئے زمہدار ٹھہرایا۔ انہوں نے کہا کہ سیب کی صنعت، جو کشمیر کی معیشت کے سب سے اہم شعبوں میں سے ہے، کو ٹرانسپورٹ کے رابطے میں طویل رکاوٹوں کی وجہ سے بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں حکومت اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے کوئی عملی حل نکالنے میں ناکام رہی ہے۔ شرما نے ایک بیان میں کہا، "اگر آج پھل کے کاشتکار مشکل میں ہیں، تو اس کی وجہ اس جگہ کی نااہل حکومت ہے۔ انہوں نے جن نان پرفارمرز، غیر سنجیدہ لوگوں کو یہاں بٹھایا ہے، ان کی وجہ سے لوگ مشکل میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر نے پھلوں کی نقل وحمل کے لیے کارگو ٹرین کا انتظام کیا منتخب حکومت نے ایسے اقدامات نہیں کیے تھے۔/8

## غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی

### اننت ناگ پولیس نے نارکو ٹیرر کیس میں غیر منقولہ جائیداد منسلک کردی

سرینگر/ یواین آئی/ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف ایک اہم کارروائی میں جموں وکشمیر پولیس نے نارکو-ٹیرر کے ایک کیس میں جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں غیر منقولہ جائیداد منسلک کر دی۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اننت ناگ پولیس نے نارکو ٹیرر کیس میں غیر منقولہ جائیداد منسلک کر دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ جائیداد پولیس اسٹیشن مٹن میں درج ایف آئی آر نمبر 57/2025 کے تحت منسلک کر دی گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ مقدمہ انڈین آرمز ایکٹ کی متعلقہ دفعات اور این ڈی پی ایس ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت درج کیا گیا تھا۔ موصوف ترجمان نے بتایا کہ منسلک کی گئی جائیداد 3 کنال اور 6 مرلہ اراضی پر مشتمل ہے جو خسرہ نمبر 283، کھیوٹ نمبر 16 اور کھاتہ نمبر 115 کے تحت آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ زمین سنگم بجبہاڑہ میں واقع ہے اور اقرا مشتاق دختر مشتاق احمد ڈار ساکن ہوگام سری گفوارہ اننت ناگ کے نام رجسٹر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اقرا مشتاق ملزم فردوس احمد بٹ کی بھانجی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ کارروائی قانونی طریقہ کار کے تحت انجام دی گئی اور یہ/6

## پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی معاہدہ پر وزارت خارجہ کا ردعمل

### علاقائی اور عالمی استحکام کے لیے اس اقدام کے مضمرات کا مطالعہ کریں گے

سرینگر/ سی این ایس/ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تزویراتی دفاعی معاہدے پر دستخط کرنے کے ایک دن بعد، ہندوستان نے جمعرات کو کہا کہ وہ اپنی قومی سلامتی کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی استحکام کے لیے اس اقدام کے مضمرات کا مطالعہ کرے گا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے مشترکہ بیان کے مطابق معاہدے میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک میں سے کسی کے خلاف کسی بھی جارحیت کو دونوں کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ احتیاط سے تیار کردہ جواب میں، وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ نئی دہلی ہندوستان کے قومی مفادات کے تحفظ اور تمام ڈومینز میں جامع قومی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان عبدالعزیز آل سعود اور پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف نے اسٹریٹیجک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ نواز شریف سعودی عرب کے دورے پر تھے۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان چار روز تک جاری رہنے والے فوجی تنازع کے چار ماہ بعد اس معاہدے پر دستخط ہوئے۔ جیسوال نے کہا کہ ہم نے سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان/10

## فاروق احمد حافظ اور اہلیہ محترمہ کو مبارک باد

### صاحبزادہ میسر فاروق حافظ کی شادی خانہ آبادی

معروف ہوٹیلئر اور کنٹریکٹر مسٹر فاروق احمد حافظ کے صاحبزادہ مسٹر میسر فاروق حافظ کی شادی خانہ آبادی کے موقعہ پر تجارتی اور سماجی حلقوں نے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے حافظ خاندان کو مبارک باد پیش کی ہے۔ مدیران سرینگر ٹائمز اس موقعہ پر دولہا دولہن کی کامیاب ازدواجی کیلئے دُعا گو ہے۔ ساتھ میں مسٹر فاروق احمد شاہ اوران کی اہلیہ متحرمہ کو مبارک باد پیش کرتے ہیں، اُمید کرتا ہے کہ نئے نویلے دولہ اور دلہن خانگی زندگی سدا خوشیوں کا باعث ہے۔

